# موسم بہار 2020 سے انگلینڈ میں اعضاء عطیہ کرنے کے حوالے سے قانون تبدیل ہو رہا ہے

## یہ پرچہ آپ کے اختیارات کی وضاحت کرتا ہے

### اعضاء اور ٹشو عطیہ کرنا کیا ہے؟

اعضاء اور ٹشو عطیہ کرنا اپنے اعضاء اور/یا نسیج (ٹشوز) دینا ہے تاکہ آپ کی وفات کے بعد دوسروں کی زندگیوں کو بچانے یا بہتر بنانے میں مدد کی جا سکے۔

اعضاء عطیہ کرنے والا (آرگن ڈونر) اکیلا فرد نو افراد تک کی زندگی بچا سکتا ہے یا اُسے بہتر کرسکتا ہے۔ ٹشو ٹرانسپلانٹس بھی کسی شخص کی زندگی کے معیار کو نمایاں طور پر بہتر بنا سکتے ہیں۔ یہ کسی شخص کو دوبارہ دیکھنے میں مدد کے لیےآنکھ کا ایک قرنیہ ہوسکتا ہے، دل کی خرابی کا علاج کرنے کے لیے دل کا مُتبادل والو ہوسکتا ہے یا کسی کے شدید طور پر جلنے کا علاج کرنے کے لیےجلد ہوسکتی ہے۔

### اعضاء عطیہ کرنے کے حوالے سے قانون میں تبدیلی کیوں ہو رہی ہے؟

پورے برطانیہ میں ہر روز تقریباً تین افراد ٹرانسپلانٹ کے لئے مناسب اعضاء کی عدم دستیابی کی وجہ سے موت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ لیکن صرف 1% لوگ ایسےحالات میں وفات پاتے ہیں جو اپنے اعضاء عطیہ کرسکتے ہیں۔

زیادہ تر لوگ اصولی طورپر اعضاء عطیہ کرنے کی حمایت کرتے ہیں اور اپنی وفات کے بعد اپنے اعضاء عطیہ کرنے پر انہیں کوئی اعتراض نہیں۔ تاہم، اکثریت این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر پر دستخط کرکے یا اپنے خاندان کو بتاکر اس فیصلے کو واضح نہیں کرتی۔ قانون میں تبدیلی اکثریت کے جذبات کی بہتر عکاسی کرتی ہے اوریہ مزید زندگیوں کو بچانے اور بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

### کیا تبدیل ہو رہا ہے؟

موسم بہار 2020 سے انگلینڈ میں موجود تمام بالغان کے بارے میں سمجھا جائے گا کہ اُنھوں نے اپنی وفات پر اعضاء اور ٹشو عطیہ کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے اگر اُنھوں نے عطیہ نہ کرنے کے فیصلے کا اندراج کرایا ہو یا وہ مستثنی گروپوں میں سے کسی ایک میں شامل ہوں (دیکھیں 'یہ تبدیلی کن پراثر انداز ہوگی؟')۔ اس کا عام طورپر 'آپٹ آؤٹ' سسٹم کےطور پر حوالہ دیا جاتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ نے تصدیق نہیں کی کہ آپ اعضاء عطیہ کرنے والا بننا چاہتے ہیں – خواہ این ایچ ایس ڈونر رجسٹر پر اپنے فیصلے کا اندراج کرکے یا اپنے دوستوں یا خاندان سے بات کرکے – تو یہ سمجھا جائے گا کہ آپ اپنی وفات پر اپنے اعضاء عطیہ کرنے پر رضامند ہیں۔

اعضاء عطیہ کرنا ایک عظیم فیاضی کا کام ہے۔ آپ کے پاس اب بھی یہ فیصلہ کرنے کا حق ہے کہ آیا کہ آپ ایک آرگن ڈونر بننا چاہتے ہیں یا نہیں۔ جب آپ وفات پاتے ہیں تو آپ کے خاندان سے آپ کے اعضاء عطیہ کئے جانے کے بارے میں مشاورت کی جائے گی۔

## اعضاء عطیہ کرنے کا قانون کب تبدیل ہو رہا ہے؟

دی ’آپٹ آؤٹ‘ سسٹم انگلینڈ میں موسم بہار 2020 سے نافذ العمل ہو جائے گا۔

تب تک، اگر آپ ایسے حالات میں وفات پاتے ہیں جن میں آپ عطیہ کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں، تو اسپیشلسٹ طبی عملہ این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر کا معائنہ کرے گا تاکہ معلوم کرسکے کہ آیا کہ کیا آپ نے ایک ڈونر بننے کے فیصلے کا اندراج کروایا تھا۔ اگرآپ نے ایسا کروایا تھا، توآپ کے خاندان کو اس کا احترام کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ اگرآپ نے ایک ڈونر کے طور پر اندراج نہیں کروایا ہوگا، توآپ کے خاندان سے آپ کی جانب سے فیصلہ کرنے کا کہا جائےگا۔

جب قانون تبدیل ہو جائے گا اس وقت اگر آپ کی عمر 18 سال سے زائد ہو تو یہ سمجھا جائے گا کہ آپ ایک آرگن ڈونر بننے پر رضامند ہیں اگر:

- آپ نے ’آپٹ آؤٹ‘ نہ کیا ہو، یا
- آپ کسی مستثنی گروپ میں نہ ہوں

آپ کے خاندان سے تب بھی مشورہ ہو گا۔

### اس تبدیلی کا اثر کس پر ہوگا؟

یہ نیا قانون انگلینڈ میں رہنے والے اُن بالغان پر لاگو ہوگا جو انگلینڈ میں وفات پاتے ہیں۔

یہ ان پر لاگو نہیں ہوگا:

- 18 سال سے کم عُمر افراد
- وہ لوگ جو نئے انتظامات کو سمجھنے اور ضروری کارروائی کرنے کے لیے ذہنی صلاحیت نہیں رکھتے
- وہ لوگ جو اپنی وفات سے پیشتر انگلینڈ میں 12 ماہ سے کم عرصہ رہے ہیں
- وہ لوگ جو یہاں رضاکارانہ طور پر نہیں رہ رہے ہیں

## مُجھے کیا کرنا ہوگا؟

جیسا کہ موسم بہار 2020 سے انگلینڈ میں اعضاء عطیہ کرنے کے حوالے سے قانون تبدیل ہو رہا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ ہر آدمی یہ فیصلہ کرے کہ آیا کہ وہ ایک آرگن ڈونر بننا چاہتا ہے یا نہیں اور اس فیصلے سے اپنے خاندان کو آگاہ کرے۔

**اگر آپ ایک آرگن ڈونر بننا چاہتے ہیں** تو آپ این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر پر اس کا اندراج کروا سکتے ہیں۔

**اگر آپ ایک آرگن ڈونر نہیں بننا چاہتے ہیں** تو آپ این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر پر ’عطیہ کرنے سے انکار کرنے‘ یعنی آپٹ آؤٹ کا اندراج کروا سکتے ہیں۔

**اگر آپ** این ایچ ایس کے آرگن ڈونر رجسٹر پر **پہلے ہی اپنے فیصلے کا اندراج کروا چُکے ہیں** اور آپ کا فیصلہ ابھی تک وہی ہے تو آپ کو اپنے خاندان کو بتانا چاہیے کہ آپ کیا چاہتے ہیں۔

اگر آپ پہلے درج شُدہ ہیں لیکن **اپنا درج کروایا گیا فیصلہ تبدیل کرنا چاہتے ہیں**، تو آپ ایسا کسی بھی وقت آن لائن ’اپنی تفصیلات میں ترمیم کریں‘ فارم مکمل کرتے ہوئے آسان طریقے سے کر سکتے ہیں۔

## این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر کیا ہے؟

این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر ایک محفوظ ڈیٹابیس ہے جس میں اُن تمام افراد کی تفصیلات ہیں جنھوں نے عضو عطیہ کرنے کے فیصلے کا اندراج کروایا ہے۔ یہ اس بات کا اندراج کرتا ہے کہ آیا کہ کوئی شخص عضو یا ٹشو کا عطیہ کرنے والا بننا چاہتا ہے یا نہیں۔ یہ اُن اعضاء اور ٹشوز کا اندراج کرتا ہےجو وہ عطیہ کرنا چاہتے ہیں۔ رجسٹرتک صرف اسپیشلسٹ این ایچ ایس عملے کی طرف سے ہی رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر پر اپنے فیصلے کا اندراج کروانا اور اپنے خاندان کو یہ بتانا کہ آپ کیا چاہتے ہیں، آپ کے فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنانے کے بہترین طریقے ہیں۔

**یاد رکھیں، جب آپ کی وفات ہوتی ہے اگر اس وقت آپ کی عمر 18 سال سے زائد ہو، آپ مستثنی گروپ میں نہ ہوں اور آپ نے آپٹ آؤٹ نہیں کیا ہو، تو یہ سمجھا جائے گا کہ آپ ایک آرگن اور ٹشو ڈونر بننے پر رضامند ہیں۔**

**آپ کا جو بھی انتخاب ہو، اس بارے میں اپنے خاندان کو بتانا اہم ہے، تاکہ وہ آپ کے فیصلے کی حمایت کر سکیں۔ آپ کو اُنھیں تب بھی بتانا چاہیے اگر آپ مُستقبل میں اپنا فیصلہ تبدیل کر لیتے ہیں۔**

**اپنے فیصلے کا اندراج کروانے کے لیے organdonation.nhs.uk وزٹ کریں۔**

## کیا میرے خاندان سے موسم بہار 2020 کے بعد بھی میرے اعضاء عطیہ کرنے کے بارے میں پوچھا جائے گا؟

جی ہاں، کسی ممکنہ ڈونر کے خاندان تک عضو اور ٹشو عطیہ کرنے کے اختیار پر بات کرنے کے لیے ہمیشہ رابطہ کیا جائے گا۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے میں مددگار ہوتا ہے کہ این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر پر موجود فیصلہ آپ کا تازہ ترین فیصلہ ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے ایک اسپیشلسٹ نرس آپ کے خاندان کے ساتھ کام کرے گی۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ عضو کا عطیہ آپ کے مذہب اور عقائد کے مطابق ہے آپ کا خاندان ہمیں آپ کے تحفظات کے بارے میں بتا سکتا ہے۔

آپ کا خاندان آپ کی طبی، سفری اور سماجی سرگزشت کے بارے میں بھی اہم معلومات مُہیا کرتا ہے۔ یہ معلومات یہ یقین کرنے میں مدد گار ہوتی ہیں کہ آپ کے اعضاء محفوظ طور پر کسی اور کو دیے جاسکتے ہیں۔

## اپنے اختیارات کے بارے میں مزید جاننا

ہماری ویب سائٹ پر عضو اور ٹشو عطیہ کرنے کے بارے میں مزید بہت مفید معلومات موجود ہیں:

**organdonation.nhs.uk** اورسوشل میڈیا پر **@NHSOrganDonor**

جب آپ اپنا فیصلہ کر چُکیں تو اس کا اندراج این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر پر کروانا اور اپنے انتخاب کے بارے میں اپنے خاندان کو آگاہ کرنا اہم ہے۔

اگر آپ کو ہماری ویب سائٹ پر مطلوبہ معلومات نہیں ملتیں یا اگر آپ ابھی بھی بے یقینی کا شکار ہیں تو آپ ہماری وقف ہیلپ لائن پر فون کرسکتے ہیں:

0300 303 2094

اگر آپ سماعت کی کمزوری کا شکار ہیں تو برائے مہربانی ہماری ٹیکسٹ ریلے سروس استعمال کریں:

18001 0845 730 0106

ٹیکسٹ چیٹ استعمال کرنے کے لیے برائے مہربانی درج ذیل پر ایس ایم ایس کریں:

07860 034 343

1 مئی 2019 سے این ایچ ایس ایپ تک رسائی حاصل کرنے والا کوئی بھی شخص اس کو این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر پر اپنے فیصلے کا اندراج کروانے کے لیے استعمال کر سکے گا۔

آپ ایپ اسٹور یا گوگل پلے سے این ایچ ایس ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔



*”عضو کے عطیے نے میری زندگی بدل دی۔ اب میں اپنے خاندان اور بچوں کے ساتھ وقت گزارنے کے قابل ہوں اور میں کمیونٹی میں تدریسی کام پر واپس آ گئی ہوں۔“*